Al-Tansheet
Journal of Islamic Studies
Bi-Annual Research Journal
(Virtual Research Academy, SWAT)
Email: editor.altansheet@gmail.com
Contact #0313-3370841

التنشیط
اسلامی تحقیقی مجلہ (ششماہی)
ورچول ریسرچ اکیڈمی، سوات
فون نمبر:0313-3307841
ای میل: editor.altansheet@gmail.com

مقالہ نگار کے لئے عمومی ہدایات

مقالہ نگار حضرات سے متعلق چند قابل توجہ امور:

تحقیقی مقالہ جمع کراتے وقت اس کی دو کاپیوں (ہارڈ کاپی) کے ساتھ ساتھ سافٹ (سی ڈی) کا ہونا ضروری ہے۔ ای میل اور ڈاک کے ذریعے مقالہ جات بھجوائے جاسکتے ہیں۔ اس کے ساتھ اپنا نام، پتہ، فون نمبر اور جس ادارے میں کام کر رہے ہیں اس کا نام اور اپنا عہدہ ضرور لکھیں۔ صرف غیر شائع شدہ مواد کی اشاعت ہی مجلّہ "التنشیط" میں ہوسکے گی۔

مقالہ جات کا ریویو:

مجلّہ "التنشیط" میں اشاعت کی غرض سے بھیجے گئے مقالات کے لئے دو تبصرہ نگاران کی مثبت رائے کا ہونا ضروری ہے۔ مقالہ کی اشاعت کے حوالے سے ادارتی بورڈ کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ تاہم اس کی بنیاد تبصرہ نگاروں کی آراء ہی ہوں گی۔

مقالہ کی ترتیب وتدوین سے متعلق امور:

(الف) عمومی لوازمات:

اردو مخطوطA4 صفحے پر جمیل نوری نستعلیق فونٹ اور عربی مخطوط ٹریڈیشنل اریبک یونی کوڈ فونٹ میں ڈیڑھ انچ کے فاصلے کے ساتھ ایم ایس ورڈ 2007 فارمیٹ میں محفوظ کیا جائے۔ آرٹیکل سے پہلے ٹائٹل صفحہ مہیا کیا جائے جو تالیف اور مولف کے پورے نام، ادارہ جہاں پر وہ کام کر رہا ہے، ڈاک پتے، ای میل پتے اور دیگر معلومات جو مولف دینا چاہتا ہے، پر مشتمل ہو۔

اس کے بعد تقریباً آدھے صفحے (۲۰۰ الفاظ) پر مشتمل مضمون کی تلخیص abstract انگریزی زبان میں فراہم کیا جائے۔ حواشی اور مصادر و مراجع بالترتیب مضمون کے آخر میں دیئے جائیں۔ مضمون کی طوالت پانچ تا آٹھ ہزار الفاظ سے (بشمول حواشی و حوالہ جات) زیادہ نہ ہو۔

مقالے کے ذیلی عنوانات نئے صفحے سے درج ذیل ترتیب کے ساتھ بھیجے جائیں:

- عنوان مقالہ
- خلاصہ (Abstract)
- تعارف، نتائجِ بحث اور حوالہ جات
- صفحات نمبر انگریزی مقالے میں اوپر دائیں طرف اور اردو عربی میں اوپر بائیں طرف لگائے جائیں۔

خلاصہ (Abstract)

علیحدہ صفحے پر خلاصہ ارسال کرتے وقت یہ پیش نظر رہے کہ وہ 150 تا 200 الفاظ سے زائد نہ ہو اور اس میں مقالے کا مقصد، طریقہ کار، امتیازی خصائص اور مصنف کے نتائج بحث کا ہونا ضروری ہے۔

Al-Tansheet
Journal of Islamic Studies
Bi-Annual Research Journal
(Virtual Research Academy, SWAT)
Email: editor.altansheet@gmail.com
Contact #0313-3370841

AL-TANSHEET
Journal of Islamic Studies

التنشیط
اسلامی تحقیقی مجلہ (ششماہی)
ورچول ریسرچ اکیڈمی، سوات
فون نمبر:0313-3307841
ای میل: editor.altansheet@gmail.com

تعارف (Introduction):

مقالے کا خلاصہ اختصار کے ساتھ مرتب انداز میں تحریر کیجیے۔

کلیدی الفاظ (Key Words):

اپنے مقالے سے متعلق پُر مغز الفاظ (Key Words) مضمون کی مناسبت سے شامل کیجیے۔

نتائج (Conclusion):

نتائج منطقی ترتیب اور تسلسل کے ساتھ مقالے میں پیش کیجیے۔

بحث (Discussion):

موضوع کے نئے اور اہم پہلوؤں پر اپنا مطالعہ اور محنت صرف کیجیے اور نتائج کو اپنی بحث کے ساتھ جوڑتے ہوئے مقاصد واضح کیجیے اور غیر علمی و غیر ماہرانہ انداز سے اجتناب کیجیے۔

نوٹ: املاء اور انشاء کے رموز و قواعد کا التزام ضروری ہے۔

حوالہ جات (References):

مواد اور حوالہ جات کی ترتیب میں شکاگو مینوئیل آف سٹائل (Chicago Manual of Style) کی پیروی کیجیے۔ حوالہ جات تحریر کرتے وقت درج ذیل اسلوب اختیار کیجیے:

مصنف کا نام، کتاب کا نام، جگہ اشاعت، اشاعتی ادارہ، مقامِ اشاعت، تاریخ اشاعت، جلد نمبر، صفحہ نمبر۔ جیسے:

آلوسی، سید محمد البغدادی، روح المعانی، قاہرہ، دار الکتب العلمیہ، بیروت، 1353ھ، ج:1، ص:25

مستعار اور اجنبی الفاظ

اگر آپ انگریزی زبان میں مضمون تحریر کرنا چاہیں تو اس میں وارد عربی، ترکی، فارسی، پشتو اور اردو زبانوں کے الفاظ مجلّہ ''التنشیط'' کے ٹرانسلیشن نظام (جو سوائے پشتو کے مجلّہ اسلامک سٹڈیز، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے نظام پر مبنی ہے) کے مطابق لکھے ہوئے ہوں جو شمارے کے آغاز میں لف کیا جا رہا ہے۔ یہی ہدایت ان مضمون نگاروں کے لئے بھی ہے جو اپنے اردو، یا عربی مضامین میں سے چند الفاظ، یا اصطلاحات انگریزی میں تحریر کرنا چاہیں۔

حقوقِ طباعت:

مجلّہ ''التنشیط'' کو تحقیقی مواد ارسال کرنے کا مطلب یہ ہے کہ مولف طباعت کے جملہ حقوق بشمول برقی طباعت مجلے کے حوالے کر رہا ہے، کوئی تیسرا فریق مجلّہ ''التنشیط'' سے کسی مقالے کی کلی یا جزوی طباعت چاہتا ہے تو افادہ عام کے لئے مجلّہ ''التنشیط'' کو اس کی اجازت دینے کا حق حاصل ہوگا۔

Al-Tansheet
Journal of Islamic Studies
Bi-Annual Research Journal
(Virtual Research Academy, SWAT)
Email: editor.altansheet@gmail.com
Contact #0313-3370841

AL-TANSHEET
Journal of Islamic Studies

التنشیط
اسلامی تحقیقی مجلہ (ششماہی)
ورچول ریسرچ اکیڈمی، سوات
فون نمبر:0313-3307841
ای میل: editor.altansheet@gmail.com

ایڈیٹنگ:

مجلّہ ''التنشیط''کو موصول مخطوطات تنقیح کے بعد دو نامعلوم ہم رتبہ تبصرہ نگاران/ماہرین کے محاکمے کے لئے ارسال کیے جائیں گے۔ عمومی طور پر مقالہ نگاران کو اپنے مقالے کے بارے میں نتیجہ جاننے کے لئے 60 دن درکار ہوں گے۔مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ نگاروں کی رائے سے آگاہ کرے گا، نیز اگر کسی مقالے میں تبدیلی کی ضرورت ہوئی تو اس کے لئے بھی مقالہ نگار سے درخواست کی جائے گی۔ مجلّہ ''التنشیط''کے مدیر/ مجلس ادارت کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ فراہم شدہ علمی مواد کو کاپی –ایڈیٹ کرکے مناسب تبدیلیوں اور اصلاحات کے بعد مجلے میں اشاعت کے لئے تیار کرلے۔ خیالات اور تقدیم شدہ مواد کی ذمہ داری البتہ مکمل طور پر مولف پر ہوگی مجلے کا مدیر یا مجلس ادارت اس سے بری الذمہ ہوں گے۔

مدیر
ڈاکٹر محمد نعمان
اسسٹنٹ پروفیسر، ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک اینڈ عربک سٹڈیز، یونیورسٹی آف سوات
Cell # : 0313-3370841

Postal Address: House # 945, Street # 11, Sector C, Kanju
Town Ship, Dist Swat .Post Code.19200
Cell #. 0313-3307841…Email. editor.altansheet@gmail.com